آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

رجسٹرڈ نمبر 243

روزنامہ

# نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر

ایڈیٹر
محمد سلیمان فاروقی

منیجنگ ایڈیٹر
انجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053
موبائل 0301-7740405

جلد نمبر 15 | بروز منگل 4 جنوری 2022ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 265

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

## فنانس بل پر اپوزیشن کے جعلی بیانیے کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے

وزیراعظم کی وزراء کو ہدایت

ریفنڈ اور ریبیٹ کے بارے میں عوامی کنفیوژن کو دور کیا جائے' 2 ارب روپے کے ٹیکسز کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے' عوامی سطح پر بتایا جائے کہ ڈاکومنٹڈ اکانومی ملکی مفاد میں ہے

**پاکستان کے ریزور 25 ارب ڈالرز تک پہنچ چکے ہیں ملکی ایکسپورٹس تاریخ کی بلند ترین سطح کو چھو رہی ہیں عمران خان کا حکومتی ترجمانوں اور وزراء سے خطاب**

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم عمران خان نے ترجمانوں اور وزرا کو ہدایت دی ہے کہ فنانس بل کے حوالے سے اپوزیشن کے جعلی بیانیے کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے، ریفنڈ اور ریبیٹ کے بارے میں عوامی کنفیوژن کو دور کیا جائے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت حکومتی ترجمانوں کا اجلاس ہوا، جس میں حکومتی وزرا، ارکان اسمبلی اور پارٹی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس تبوک کا عالمی سمندروں میں تعیناتی کے دوران عمان کا دورہ

**پی این ایس تبوک پاکستان نیوی فلیٹ کے پچیسویں ڈسٹرائر سکواڈرن کا حصہ ہے**

اسلام آباد (یو این پی) پاک بحریہ کے جہاز تبوک نے عالمی سمندروں میں تعیناتی کے دوران رائل میرینز مائم سکیورٹی کے تحت عمان کی بندرگاہ قم کا دورہ کیا۔ پی این ایس تبوک پاکستان نیوی فلیٹ کے پچیسویں ڈسٹرائر سکواڈرن کا حصہ ہے اور جدید ترین ہتھیاروں اور سینسرز سے لیس ہے تاکہ کثیر الجہتی خطرات کے دوران میری ٹائم آپریشنز سرانجام دے سکے۔ بندرگاہ آمد پر، عمان میں تعینات پاکستان کے دفاعی اتاشی اور عمانی بحریہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### صارف کی درخواست پر چنگان بہاول پور موٹرز کے خلاف کاروائی

بہاول پور (پ ر) صارف کی درخواست پر چنگان بہاول پور موٹرز کے خلاف کاروائی۔ تفصیلات کے مطابق سائل فہیم احمد سکنہ بہاول پور نے اسسٹنٹ کمشنر بہاول پور سٹی رہا اختیارات

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## سیاسی امور اور راولپنڈی میں فلاح عام کے منصوبوں پر تبادلہ خیال

عثمان بزدار سے شیخ رشید کی ملاقات

**پنجاب حکومت راولپنڈی کے عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہی ہے امن وامان کی صورتحال تسلی بخش ہے وزیر داخلہ**

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید ملاقات کر رہے ہیں۔

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے آج وزیراعلیٰ آفس میں وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے ملاقات کی، جس میں سیاسی امور اور امن عامہ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ راولپنڈی میں فلاح عامہ کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### وزیراعلیٰ عثمان بزدار کا خیر پور ٹامیوالی کے قریب ٹریفک حادثے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس

**زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کرنے کی ہدایت**

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے خیر پور ٹامیوالی کے قریب ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### مہنگائی نے غریبوں کی چیخیں نکال دیں' تبدیلی سرکار وعدوں تک محدود' مخدوم فیض مصطفیٰ بخاری

**تبدیلی کے وعدے سن سن کر کان پک گئے' حکومت ٹھوس اقدامات کرے' اخباری بیان**

اوچ شریف (نامہ نگار) بخاری خاندان کی سرکردہ شخصیت مخدوم سید فیض مصطفیٰ بخاری عرف مچھل سائیں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ موجودہ حکومت نے مہنگائی کر کے غریب مزدور عوام کی چیخیں نکال دی ہیں مہنگائی ہی مہنگائی ہے اور غریب عوام کی دہائی ہے شہری بلبلا اٹھے ہیں تبدیلی سرکار وعدوں اور لالی پوپ تک محدود ہے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### احمد پور سنوار و تحریک کے زیر اہتمام نواحی بستی کھور میں جلسہ

**تحریک کا منشور اور آئندہ الیکشن کا لائحہ عمل پیش کیا گیا**

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) احمد پور سنو اور تحریک کی جانب سے بستی کھور احمد پور شرقیہ میں جلسہ کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں شہر بھر سے لوگوں نے بھر پور شرکت کی۔ چیئرمین ڈاکٹر محمد حسنین معاویہ نے میزبان جلسہ قاری ارشد رشید عثمانی، ملک محمد ماجد، جام محمد رفیق کی کاوشوں کو سراہا۔ جلسہ کے مقررین اور ایگزیکٹو ممبران میں محمد ارشاد کمبوہ،

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## فضل الرحمن کا قومی سیاست کو لیڈ کرنا بد قسمتی ہے فواد چوہدری

**احتساب کے ایجنڈے پر الیکشن جیتے ہیں لیکن عام آدمی مطمئن نہیں ہے' وفاقی وزیر اطلاعات نشریات کی گفتگو**

فیصل آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے احتساب کے عمل سے پیچھے نہ ہٹنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان سے پیسے ریکور بھی کیے لیکن مرکزی ملزمان باہر بیٹھے ہیں۔ اپنے ایک بیان میں فواد چوہدری کا کہنا تھا

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### مالی سال 2022 کی پہلی ششماہی میں تجارتی خسارہ 100 فیصد بڑھ گیا

**دسمبر 2021 میں تجارتی خسارہ 55 فیصد بڑھ کر 4.14 ارب ڈالر تک پہنچ گیا**

کراچی (یو این پی) مالی سال 2022 کی پہلی ششماہی میں تجارتی خسارہ 100 فیصد بڑھ گیا۔ میڈیا کے مطابق دسمبر 2021 میں تجارتی خسارہ 55 فیصد بڑھ کر 4.14 ارب ڈالر تک پہنچ گیا، جب کہ معاشی ماہرین کے اندازوں کے

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### افسران پر سرکاری دوروں میں ملنے والے تحائف جمع کروانے کی پابندی

**ادارے میں پہلی بار توشہ خانہ قائم کیا جائے گا، ایف بی آر کے اجلاس میں فیصلہ**

لاہور (یو این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے پہلی بار توشہ خانہ قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا، جس کے مطابق اب سرکاری افسران سرکاری دوروں کے دوران ملنے والے تحائف جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اوچ شریف شہر اور گرد و نواح میں کم وزن روٹی اور نان کی زائد نرخوں پر فروخت

**پرائس کنٹرول مجسٹریٹ نے شہریوں کو ناجائز منافع خور تندور و ہوٹل مالکان کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا**

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف شہر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

## کورونا کی پانچوں لہر اومی کرون تیزی سے پھیل رہا ہے

**این سی او سی**

**گزشتہ تین روز میں کراچی کی مثبت شرح دو سے چھ تک پہنچ گئی، پانچویں لہر سے بچنے کے لیے شہری ماسک کا استعمال اور سماجی فاصلوں کو یقینی بنائیں' وفاقی وزیر اسد عمر کی زیر صدارت این سی او سی کے اجلاس میں وبا کی بڑھتی ہوئی صورتحال قومی ویکسی نیشن مہم اور بیماری کے پھیلاؤ کا جائزہ لیا گیا' اجلاس میں لازمی ویکسی نیشن کے لیے سخت اقدامات لینے کا فیصلہ کیا گیا**



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) این سی او سی کے مطابق کورونا وائرس کی پانچویں لہر اومیکرون تیزی سے پھیل رہی ہے۔ وفاقی وزیر اسد عمر کی زیر صدارت این سی او سی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں وبا کی بدلتی صورتحال، قومی ویکسی نیشن مہم اور بیماری کے پھیلاؤ کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں گزشتہ تین روز میں کراچی کی مثبت شرح 2 سے 6 فیصد تک پہنچ گئی، پانچویں لہر سے بچنے کے لیے شہری ماسک کا استعمال اور سماجی فاصلوں کو یقینی بنائیں۔ اجلاس میں اضلاع کے مطابق بھی ویکسی نیشن مہم کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں نیشنل کوآرڈینیٹر این سی او سی میجر جنرل محمد ظفر اقبال، وفاقی وزیر عمر ایوب اور ڈاکٹر فیصل سلطان بھی شریک ہوئے۔ معاون خصوصی صحت نے کہا کہ

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### موجودہ حکومت نے 2 ہزار کلومیٹر سڑکوں پر کام مکمل کر لیا ہے، مراد سعید

اسلام آباد (یو این پی) مراد سعید نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے 2 ہزار کلومیٹر سڑکوں پر کام مکمل کر لیا ہے۔ وفاقی وزیر برائے مواصلات مراد

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### انجمن تاجران قائم پور کے نو منتخب عہدیداروں کی تقریب حلف برداری

**مرکزی صدر آل پاکستان تاجران محمد اجمل بلوچ سے منتخب عہدیداروں غلام مصطفیٰ اور دیگر کے حلف لیا**

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) تبدیلی حکومت نے تاجر برادری کا معاشی قتل کیا ہے مہنگائی عروج پر ٹیکسز میں بے پناہ اضافہ ہو چکا ہے FBR خود ڈاکو ہے تفصیل کے مطابق گزشتہ روز آل پاکستان تاجر کے عہدیداران محمد اجمل بلوچ صدر آل پاکستان تاجر محمد نعیم میر جنرل سیکرٹری آل پاکستان حافظ محمد یونس صدر تاجران بہاولپور و دیگر مختلف

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حاصل پور: انجمن تاجران قائم پور کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری سے آل پاکستان تاجران کے صدر اجمل بلوچ نعیم میر' حافظ محمد یونس ملک عبدالحمید' ذوالفقار قائم خانی خطاب کر رہے ہیں۔

### تاجر برادری حکومت کیخلاف لانگ مارچ کے علاوہ اپوزیشن کی تحریک میں ساتھ دیگی' نعیم میر

**حکومت بری طرح ناکام ہوگئی ہے تاجر برادری کو کچل کے رکھ دیا' جنرل سیکرٹری آل پاکستان انجمن تاجران کی حاصل پور میں پریس کانفرنس**

حاصل پور (نمائندہ خصوصی) تاجر برادری حکومت کے خلاف لانگ مارچ کرے گی اور اپوزیشن جو بھی حکومت کے خلاف تحریک چلائے گی اس کا ساتھ دے گی۔ نعیم میر جنرل سیکرٹری آل پاکستان تاجران تفصیل کے مطابق گزشتہ روز آل پاکستان تاجران کے مرکزی عہدیداران محمد اجمل بلوچ صدر آل پاکستان تاجران۔ محمد نعیم میر جنرل سیکرٹری مرکزی آل پاکستان۔ حافظ محمد یونس صدر

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### وزیراعلیٰ بلوچستان کا غیر قانونی شکار اور جنگلات کی کٹائی کا نوٹس

کوئٹہ (یو این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے تربت میں غیر قانونی شکار اور جنگلات کی کٹائی کا نوٹس لے لیا ہے۔ تفصیلات

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اوچ شریف میں مضر صحت کیمیکل سے تیار دیسی گھی مکھن اور کریم کی فروخت جاری

**محکمہ فوڈ اتھارٹی کے افسران کی لمبی دیہاڑیاں' اعلیٰ حکام نوٹس لیکر کاروائی کریں**

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف و گرد و نواح میں مضر صحت کیمیکل سے بننے والا ناقص دیسی گھی مکھن اور کریم مارکیٹ میں سرعام فروخت، محکمہ فوڈ اتھارٹی کے افسران کی کبھی دیہاڑیاں۔ تفصیلات کے مطابق اوچ شریف شہر اور گرد و نواح میں مضر صحت کیمیکل سے بے ناقص دیسی گھی مکھن اور کیک پیسٹریوں اور کریم رول

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ملک میں دہائی کے سب سے بڑے تیل اور گیس کے بڑے ذخائر دریافت کر لیے گئے

**جی ڈی سی ایل نے کے پی کے میں کی مروت کے قریب ولی بلاک میں تیل اور گیس کے بڑے ذخائر کیے**

اسلام آباد (یو این پی) خیبر پختونخوا میں تیل اور گیس کے بڑے ذخائر دریافت کر لیے گئے۔ وزارت توانائی کا کہنا ہے کہ اس دریافت کا اندازہ گذشتہ ایک دہائی میں سب سے بڑا قرار دیا جا رہا ہے۔ پاکستان کی سب سے بڑی تیل اور گیس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### سردی کی شدت، تعلیمی اداروں میں تعطیلات میں اضافہ کر دیا گیا

مظفر آباد (یو این پی) آزاد کشمیر میں سردی کی شدت میں اضافے کے باعث تعلیمی اداروں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### لاکھوں روپے مالیت کے مویشی کا ور ناجائز اسلحہ برآمد ہونے والے مویشوں کی مالیت سات لاکھ 80 ہزار روپے ہے

**جانوروں کو بے ہوشی کے ٹیکے لگا کر ٹرک پر لوڈ کر کے لے جاتے تھے دوران تفتیش انکشاف**

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) پولیس تھانہ صدر نے مویشی چور طارق عرف طارقی گینگ کے تین ارکان کو گرفتار کر کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے مویشی، کار، اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیل کے مطابق پولیس تھانہ صدر نے محمد طارق عرف طارق سمیت تین ارکان اور پرویز اقبال کو گرفتار کر کے قبضہ سے ایک عدد کار، پسٹل 30 بور، اور سات لاکھ ساٹھ ہزار مالیت کے مویشی برآمد

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ملک میں دہائی کے سب سے بڑے تیل اور گیس کے بڑے ذخائر دریافت کر لیے گئے

**جی ڈی سی ایل نے کے پی کے میں کی مروت کے قریب ولی بلاک میں تیل اور گیس کے بڑے ذخائر کیے**

اسلام آباد (یو این پی) خیبر پختونخوا میں تیل اور گیس کے بڑے ذخائر دریافت کر لیے گئے۔ وزارت توانائی کا کہنا ہے کہ اس دریافت کا اندازہ گذشتہ ایک دہائی میں سب سے بڑا قرار دیا جا رہا ہے۔ پاکستان کی سب سے بڑی تیل اور گیس

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اوچ شریف میں یوریا کھاد کا بحران بلیک میں فروخت جاری

**کنٹرول ریٹ پر یوریا کھاد پر فراہم کی جائے' زمیندار محمد اکمل شیخ کا مطالبہ**

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف میں یوریا کھاد کا بحران شدید، بلیک میں فروخت، کسان پریشان، معروف زمیندار اعلیٰ محمد اکمل شیخ کا کنٹرول ریٹ پر دستیابی کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق اوچ شریف کے زمیندار اعلیٰ محمد اکمل شیخ نے میڈیا نمائندوں کو ریکارڈ کرائے گئے بیان میں کہا ہے کہ اوچ شریف شہر میں کھاد کا بحران ہے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### زیتون کی کاشت اور جھینگے کی فارمنگ وقت کی اہم ضرورت ہے، وزیراعظم

**کسان کارڈ کے اجراء سے کسانوں کو مشینری اور زرعی سامان خرید نے میں سہولت ملے گی**

اسلام آباد (یو این پی) عمران خان نے کہا ہے کہ زیتون کی کاشت اور جھینگے کی فارمنگ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر

بقیہ نمبر 30 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### بھٹہ مزدوروں کے بچوں و بچیوں کیلئے علم کے دروازے کھولے گئے ہیں: عثمان بزدار

**، ہماری حکومت نے ان معصوم ہاتھوں میں قلم اور کتاب دی ہے**

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار کی ہدایت پر میانوالی میں بھٹہ مزدوروں کے بچوں کی تعلیم کے لئے 4 خصوصی

بقیہ نمبر 31 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: احمد پور سنوار و تحریک کی جانب سے بستی کھور میں منعقدہ جلسہ سے مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

### ایم ایس ڈاکٹر عارف غوری کی جانب سے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی پارٹی

ٹی ایچ کیو ہسپتال میں منعقدہ تقریب میں ریٹائر ہونے والے ڈاکٹر زمحمد اقبال کمبوہ، ڈاکٹر محمد اکرم، حکیم وزیر خان لاشاری

**محترمہ الفت جبیں' محمد افضل، محمد رفیق، ارشاد احمد صدیقی، عبدالستار اور مختیار احمد کو تحائف دیئے گئے**

احمد پور شرقیہ: میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد عارف غوری اپنی جانب سے دی گئی الوداعی پارٹی میں ٹی ایچ کیو ہسپتال کے ریٹائرڈ ہونے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کے ہمراہ موجود ہیں۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کے اسٹاف اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر محمد عارف غوری کی جانب سے گزشتہ سال ریٹائرڈ ہونے والے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف ڈاکٹر محمد اقبال کمبوہ، ڈاکٹر محمد اکرم، حکیم وزیر خان، محترمہ

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### پاکستان امن اور بھائی چارے پر یقین رکھتا ہے' اسد قیصر

**ملک میں اقلیتوں کو مکمل آزادی حاصل ہے، سپیکر قومی اسمبلی**

اسلام آباد (یو این پی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پاکستان امن اور بھائی چارے پر یقین رکھتا ہے، ملک میں اقلیتوں کو مکمل آزادی حاصل ہے، مقبوضہ کشمیر کے عوام کو آزادی اظہار رائے اور مذہبی رسومات منانے پر پابندی عائد ہے، مقبوضہ کشمیر کی عوام کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق بنیادی انسانی حقوق دیئے جائیں، خطے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ٹیکس کلچر بنانا ہے تو شروعات پارلیمنٹیرینز سے ہونی چاہیے: شوکت ترین

**جب تک ٹیکس ریونیو اکٹھا نہیں ہوتا ملک ترقی نہیں کر سکتا**

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ ٹیکس کلچر بنانا ہے تو شروعات پارلیمنٹیرینز سے ہونی چاہیے۔ ارکان پارلیمنٹیرینز کی ٹیکس ڈائریکٹری کا اجراء کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ کا کہنا

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### ہفتہ وار بنیاد پر قیمتوں میں اضافہ، منی بجٹ کے بعد مہنگائی میں مزید شدت آئیگی: شیری رحمان

اسلام آباد (یو این پی) شیری رحمان نے کہا ہے کہ ہفتہ وار بنیاد پر قیمتوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے، منی بجٹ کے بعد مہنگائی میں مزید شدت آئے گی۔ نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی و سینیٹر شیری رحمان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے ٹویٹ میں کہا کہ حالیہ ایک سروے میں پاکستان کی اکثریت نے اس حکومت کی کارکردگی پر عدم اعتماد کا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### مریم نواز کی خاموشی معنی خیز، ان کو ڈیل ملی ہے نہ ڈھیل: ترجمان پنجاب حکومت

لاہور (یو این پی) حسان خاور نے کہا ہے کہ کوٹ لکھپت جیل نواز شریف کا انتظار کر رہی ہے، ان کو ڈیل ملی ہے نہ ڈھیل، مریم نواز کی خاموشی معنی خیز ہے۔ ترجمان پنجاب حکومت حسان خاور نے لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت 4 نئے ڈیم بنا رہی ہے، صوبے میں

بقیہ نمبر 32 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### میاں مزمل ندیم کا فرزند میاں حسن ندیم کی شادی خانہ آبادی کی خوشی میں دعوت ولیمہ

**سابق وفاقی وزیر میاں بلیغ الرحمٰن، ڈی ایس پی آصف رشید، ملک خالد محمود وارن ایم پی اے اور سابق ایم پی ایز قاضی عدنان فرید اور خالد محمود جٹ کی شرکت**

**چوہدری سعد مسعود' ملک عثمان رشید مخدوم زادہ عمر گیلانی' ارشد راجپوت' اور رفیق صفدر راجپوت بھی موجود تھے۔ ادارہ نوائے احمد پور شرقیہ کا ہدیہ تہنیت**

احمد پور شرقیہ: سٹی صدر مسلم لیگ ن میاں مزمل ندیم کے صاحبزادے میاں حسن ندیم کا دعوت ولیمہ کے موقع پر اپنے والد اور الیکٹرانک میڈیا کے صدر سہیل احمد قادری اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

احمد پور شرقیہ (سٹاف رپورٹر) سابق وائس چیئرمین بلدیہ سٹی صدر مسلم لیگ ن میاں مزمل ندیم کے فرزند میاں حسن ندیم کی شادی خانہ آبادی بخیر و خوبی انجام پا گئی میاں مزمل ندیم نے اپنے فرزند کی شادی خانہ آبادی کی خوشی، میں مقامی

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

احمد پور شرقیہ: سابق وفاقی وزیر میاں بلیغ الرحمٰن اور سابق ایم پی اے قاضی عدنان فرید کی میاں مزمل ندیم کے فرزند میاں حسن ندیم کی دعوت ولیمہ میں لی گئی تصویر۔

### بلال یاسین پر قاتلانہ حملے کی تحقیقات میں انتہائی اہم پیش رفت

**شوٹر کو اسلحہ فراہم کرنیوالا مرکزی ملزم گرفتار، ملزم نے کہا کہ شوٹرز کو نہیں جانتا، اسلحہ ساجد کے کہنے پر دیا**

لاہور (یو این پی) رکن پنجاب اسمبلی بلال یاسین پر قاتلانہ حملے کی تفتیش میں انتہائی اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ شوٹر کو اسلحہ فراہم کرنے والا مرکزی ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ افضل کو سی آئی اے پولیس نے گرفتار کیا۔ افضل سے تفتیش کے دوران دو اہم کردار ساجد گرما اور محسن سامنے آئے۔ افضل نے تفتیش میں بتایا کہ شوٹرز کو نہیں جانتا، اسلحہ ساجد

بقیہ نمبر 37 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### جہانگیر ترین اور فاروق ستار کی ملاقات میں شہباز شریف زیر بحث رہے

**دونوں رہنماؤں نے مسائل کے حل کے لیے قومی ایجنڈہ بنانے اور ساتھ چلنے کا فیصلہ کیا**

کراچی (یو این پی) جہانگیر ترین نے تنظیم بحالی کمیٹی ایم کیو ایم پاکستان کے سربراہ ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ ملاقات کراچی کے مقامی ہوٹل میں ہوئی ہے۔ ملاقات میں تقسیم وترقی، ملکی استحکام سمیت ملکی مسائل پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں ملکی صورتحال سمیت گورننس کے مسائل پر گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان فاروق ستار اور شہباز شریف کی ملاقات کا بھی تذکرہ ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے مسائل کے حل

بقیہ نمبر 36 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### الیکشن کمیشن کا سات سال سے زیر التوا پی ٹی آئی کے خلاف غیر ملکی فنڈنگ کیس کی سماعت کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (یو این پی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سات سال سے زیر التوا پاکستان تحریک انصاف کے خلاف غیر ملکی فنڈنگ کیس کی سماعت کرنے کا فیصلہ کر لیا اور فریقین کو کل طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق سات سال زیر التوا رہنے والا پاکستان تحریک انصاف ممنوعہ فنڈنگ کیس ایک

بقیہ نمبر 35 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### پی ٹی آئی ''عارضی پناہ گاہ'' ہے قومی جماعت نہیں، مریم اورنگزیب

**سیاسی قیمتوں کی پناہ گاہ کو قومی سیاسی جماعت کہنے کیلئے آپ کی جیسی ہی ڈھٹائی اور بے شرمی درکار ہے**

لاہور (یو این پی) مسلم لیگ ن کی ترجمان کا کہنا ہے کہ ساری پارٹیوں میں حاضری لگوانے والوں کے لیے پی ٹی آئی ''عارضی پناہ گاہ'' ہے قومی جماعت نہیں۔ پاکستان مسلم لیگ ن کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اطلاعات فواد چوہدری کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سیاسی قیمتوں کی پناہ گائیں قومی جماعتیں نہیں

بقیہ نمبر 34 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### نام نہاد پی پی کو صحت کارڑ کے اجراء سے پیٹ میں مروڑ ہو گئی ہے، خرم شیر زمان

**پی پی کیلئے این آئی سی وی ڈی اتنا کرامت ہے تو زرداری صاحب کو داخل کروادیں**

کراچی (یو این پی) پی ٹی آئی کے رہنماء خرم شیر زمان نے کہا ہے کہ نام نہاد پی پی کو صحت کارڑ کے اجراء سے پیٹ میں مروڑ ہوگئی ہے۔ خرم شیر زمان نے مرتضیٰ وہاب کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پی پی کیلئے این آئی سی وی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### بچہ جمہورا

سنا استاد جی: منی بجٹ کو روکنے کے اپوزیشن کے اعلانات کیا حقیقت کا روپ ڈھالیں گے؟

ہاں بچے جمہورے: فنانس بل جس روز قومی اسمبلی میں پیش کیا گیا تو شہباز شریف اور بلاول بھٹو زرداری اجلاس میں شریک نہیں ہوئے اس سے آپ اپوزیشن کے دعوؤں کا اندازہ لگا سکتے ہیں ایسے ہی مواقع کیلئے کہا گیا ہے کہ۔۔۔۔ ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور

### وزیراعلیٰ پنجاب اور سپیکر پنجاب اسمبلی کا ورکنگ ریلیشن شپ کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

### مل کر بلدیاتی الیکشن میں حصہ لیں گے: عثمان بزدار، پرویز الٰہی

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار سے سپیکر پنجاب اسمبلی چودھری پرویز الٰہی اور وفاقی وزیر آبی وسائل چودھری مونس الٰہی نے آج وزیراعلیٰ آفس میں ملاقات کی، جس میں سیاسی صورتحال، بلدیاتی الیکشن اور فلاح عامہ

بقیہ نمبر 27 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

### اوچ شریف میں شادی کی رات دولہے کی کار کو حادثہ اگلا حصہ تباہ دولہا محفوظ

**شادی والے گھر میں فنکشن منسوخ ساؤنڈ سسٹم ناچ گانے والے مایوس لوٹ گئے**

اوچ شریف (نامہ نگار) اوچ شریف میں شادی کی رات دولہے کی کار کو حادثہ، گاڑی کا اگلا حصہ تباہ، دولہا محفوظ، شادی والے گھر میں شادی کا فنکشن کینسل، ساؤنڈ سسٹم و ناچ گانے والے مایوس خالی ہاتھ گھروں کو لوٹ گئے۔ تفصیل کے مطابق

بقیہ نمبر 28 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: شادی کی رات حادثہ کا شکار ہونے والی دولہے کی کار

خبر نمبر 01

کے سینئر رہنماں نے شرکت کی، وزیراعظم نے ملک کی معاشی اور اقتصادی صورتحال پر اعتماد میں لیا، جب کہ وزیراعظم اور وزیر خزانہ شوکت ترین نے شرکا کو فنانس بل پر بریفنگ دی۔ وزیراعظم عمران خان نے ترجمانوں کو فنانس بل سے متعلق عوام میں ابہام کو دور کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ فنانس بل کو عوامی سطح پر موثر طریقے سے نہیں بتایا جا سکا، 2 ارب روپے کے ٹیکسز کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جا رہا ہے، ریفنڈ اور ریبٹ کے بارے میں عوامی کنفیوژن کو دور کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عوامی سطح پر بتایا جائے کہ ڈاکومنٹڈ اکانومی ملکی مفاد میں ہے، ایگریکلچر گروتھ اور ملکی ایکسپورٹس تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، پاکستان کے ریزرو 25 ارب ڈالرز تک پہنچ چکے ہیں جس پر بات نہیں ہو رہی، اپوزیشن کے جعلی بیانیہ کا ڈٹ کے مقابلہ کیا جائے، ہیلتھ کارڈز، ہوم فنانسنگ، احساس پروگرام کے فلاحی منصوبوں بارے موثر آگاہی مہم چلائی جائے۔

خبر نمبر 02

کہ احتساب کے ایجنڈے پر الیکشن جیتے ہیں لیکن عام آدمی مطمئن نہیں ہے اور ووٹر سمجھتا ہے کہ احتساب مکمل ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ عمران خان نے احتساب کے ایجنڈے پر الیکشن جیتا، ہم احتساب کے عمل سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، عدلیہ، الیکشن اصلاحات اور احتساب پر بات کرنی چاہیے۔ فواد چوہدری کا کہنا تھا پی ٹی آئی ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت اور ن لیگ علاقائی جماعت ہے جبکہ پیپلز پارٹی نے سندھ کے شہریوں کو صحت کارڈ سے محروم کیا، وزیراعلیٰ سندھ کو لگتا ہے کہ صحت کارڈ سے ان کی سیاست متاثر ہو گی۔ مولانا فضل الرحمان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان پہلے ہی سال آگئے تھے، نئے سال کا آغاز ایسے کرنا چاہیے کہ تلخیاں کم ہوں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا جے یو آئی یا ٹی ایل پی کی الیکشن میں جیت بدقسمتی کی علامت ہے، بڑی سیاسی جماعتوں کی ناکامی کی وجہ سے فرقہ واریت والی جماعتیں اوپر آئیں گی تو نقصان ہو گا، بڑی سیاسی جماعتوں کو خیال کرنا چاہیے، مولانا فضل الرحمان کا قومی سیاست کو لیڈ کرنا بدقسمتی ہے۔ فواد چوہدری کا کہنا تھا خیبر پختونخوا کے بلدیاتی انتخابات سے زیادہ صاف اور شفاف الیکشن کبھی نہیں ہوئے، ایسا سسٹم بنانا چاہتے ہیں جس میں صاف اور شفاف انتخابات ہوں۔

خبر نمبر 03

جاری منصوبوں پر ہونے والی پیشرفت پر بھی بات چیت ہوئی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ راولپنڈی کے فلاحی منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے گا۔ راولپنڈی تحریک انصاف کا قلعہ ہے۔ راولپنڈی شہر کے مسائل حل کرنے پر پوری توجہ ہے۔ سیاست میں رواداری، برداشت اور بھائی چارے کے قائل ہیں۔ شرافت، شفافیت اور دیانت کے اصولوں پر چلتے ہیں۔ نفاق کے بیج بونے والوں کو پہلے اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیئے۔ ماضی میں سیاسی انتقام کے کلچر کو پروان چڑھایا گیا۔ الزامات لگانا اور دشنام طرازی ہمارا شیوہ نہیں۔ ہماری حکومت نے سیاسی انتقام کی منفی سیاست کو ختم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کیے ہیں۔ قانون کی عملداری کو یقینی بنایا گیا ہے۔ منفی رویے اور انتشار کی سیاست ملک کی یکجہتی اور استحکام کیلئے نقصان دہ ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت راولپنڈی کے عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امن و عامہ کی صورتحال اطمینان بخش ہے۔ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدام کر رہی ہے اور کرتی رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ 23 مارچ کو مارچ کا اعلان کرنے والوں کو ہوش کے ناخن لینے چاہئیں۔ قانون ہاتھ میں لینے کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی۔ اپوزیشن ٹولے کے ہاتھ سے وقت ریت کی طرح نکلتا جا رہا ہے۔ وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں حکومت پہلے سے زیادہ مضبوط ہے اور مدت پوری کرے گی۔

خبر نمبر 04

کے اعلیٰ حکام نے پاک بحریہ کے جہاز کا استقبال کیا۔ دورے کے دوران، پی این ایس تبوک کے کمانڈنگ آفیسر نے عمان کے سینٹرل نیول ایریا کمانڈر اور ڈائریکٹر کمرشل اور پورٹ آپریشنز سے ملاقات کی۔ ملاقاتوں کے دوران باہمی دلچسپی کے امور پر گفت وشنید کے علاوہ تمام شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ کمانڈنگ آفیسر نے سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل محمد امجد خان نیازی کی جانب سے عمان کی عوام اور بالخصوص عمانی بحریہ کے لئے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا۔ پاک بحریہ کے جہاز پی این ایس تبوک کا یہ دورہ دونوں ممالک کی بحری افواج کے مابین مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک کے فروغ کا باعث بنے گا۔

خبر نمبر 05

اتھارٹی پنجاب تحفظ صارف قانون کو درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ اس نے ایک عدد گاڑی چنگان بہاول پور موٹرز سے بک کروائی جس کی مقرر کردہ نرخ سے بھی زائد ادائیگی سائل چنگان بہاول پور موٹرز کو ادا کر چکا ہے مگر اس کے باوجود سائل کو گاڑی نہیں دی جا رہی ہے اور مسئول علیہ مسلسل ٹال مٹول سے کام لے رہا ہے جس کی وجہ سے سائل ذہنی اذیت سے دو چار ہو چکا ہے۔ سائل کی درخواست پر کاروائی کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر بہاول پور سٹی رہا اختیارات اتھارٹی پنجاب تحفظ صارف قانون کے حکم نامہ کے مطابق اسسٹنٹ ڈائریکٹر (لیگل) ضلعی تحفظ صارف کونسل بہاول پور زینت مظہر نے چنگان بہاول پور موٹرز کے خلاف کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر (لیگل) ضلعی تحفظ صارف کونسل بہاول پور نے کہا ہے کہ پنجاب تحفظ صارف قانون کے تحت قائم کئے گئے ادارے ضلعی صارف عدالت رد فتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر (لیگل) ضلعی تحفظ صارف کونسل تمام صارفین کو قانونی تحفظ فراہم کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر (لیگل) ضلعی تحفظ صارف کونسل سول ہسپتال روڈ بہاول پور سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 4 بجے تک دفتری فون نمبر 062-2720284 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے یا اپنی تحریری درخواست بمعہ ضروری کاغذات آفیشل ویب سائٹ consumerservice.pujab.gov.pk پر بھی دی جا سکتی ہے۔

خبر نمبر 06

ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا ہے اور انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ زخمیوں کو علاج معالجے کی بہترین سہولتیں فراہم کی جائیں۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے انتظامیہ کو ہسپتال پہنچ کر زخمیوں کے علاج معالجے کی خود نگرانی کی ہدایت کی اور کمشنر بہاولپور اور آر پی او بہاولپور سے حادثے کے بارے میں رپورٹ طلب کر لی ہے اور حکم دیا ہے غفلت کے ذمہ دار ڈرائیور کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

خبر نمبر 07

برعکس دسمبر 2021 میں درآمدات میں 1 ارب ڈالر کی کمی ریکارڈ کی گئی، مالی سال 2022 کی پہلی ششماہی میں تجارتی خسارہ 24.79 ارب ڈالر تھا جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے 12.36 ارب ڈالر تھا۔ دسمبر 2021 کے دوران درآمدات نومبر 2021 میں 7.9 ارب ڈالر کے مقابلے میں گھٹ کر 6.9 ارب ڈالر رہیں۔ جولائی تا دسمبر کے دوران درآمدات 63 فیصد اضافے سے 39.91 ارب ڈالر کے مقابلے میں 24.47 ارب ڈالر رہا، جب کہ پاکستانی مصنوعات کی برآمدات دسمبر 2020 میں 2.366 ڈالر کے مقابلے میں 16.7 فیصد اضافے سے 2.761 ارب ڈالر رہیں، مالی سال 22 کی پہلی ششماہی جولائی تا دسمبر 2021 کے لیے برآمدی ہدف 15 ارب ڈالر تھا، دسمبر 2021 کے لیے برآمدی ہدف 2.8 ارب ڈالر جبکہ تجارتی خسارہ 4.2 ارب ڈالر تھا۔ جولائی تا دسمبر 2021 کے دوران ملکی برآمدات 25 فیصد بڑھ کر 15.1 ارب ڈالر ہو گئیں جو کہ جولائی تا دسمبر 2020 کے دوران 12.1 ارب ڈالر تھیں۔

خبر نمبر 08

ریونیو (ایف بی آر) کی بورڈ اِن کونسل کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ادارے میں پہلی بار توشہ خانہ قائم کیا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق فیصلے کے تحت سرکاری افسران سرکاری دوروں کے دوران ملنے والے تحائف جمع کروانے کے پابند ہوں گے، تحائف کی کم از کم حد ایف بی آر کے لیے 10 ہزار روپے مقرر کی گئی ہے تاہم فی الوقت حکومت کی دیگر ڈویژنز کے لیے یہ حد 30 ہزار روپے مقرر ہے۔ ایف بی آر نے مزید کہا کہ افسران ملنے والے تحائف کا اعلان اور انہیں جمع کروائیں گے، نام کنندہ ہونے والی شیلڈز اور تحائف ان قوانین سے مستثنیٰ ہیں، دیگر تحفے تحائف کی باقاعدہ انونیٹری مرتب کی جائے گی۔ دوسری جانب اجلاس میں ایف بی آر کے فیٹ ڈیپارٹمنٹ کا نام تبدیل کر کے پبلک ریلیشنز ونگ کر دیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان میں صدر، وزیراعظم اور اعلیٰ حکومتی حکام کو غیر ملکی معززین سے ملنے والے تحائف کو سرکاری توشہ خانہ میں رکھا جاتا ہے۔ توشہ خانہ فارسی زبان کا لفظ ہے۔ ریختہ ڈکشنری کے مطابق اس کے معنی ہیں وہ مکان جہاں امیروں کے لباس، پوشاک اور زیورات وغیرہ جمع رہتے ہیں۔ سرکاری طور پر ملنے والے تمام تحائف توشہ خانہ میں جمع کروائے جاتے ہیں۔ تاہم جمع کروانے کے بعد 30 ہزار روپے تک مالیت کے تحائف صدر، وزیراعظم یا جس بھی شخص کو تحفتاً ملا ہو وہ مفت حاصل کر سکتا ہے۔ تاہم 30 ہزار سے زائد مالیت کے تحائف کے لیے ان شخصیات کو اس کی قیمت کے تخمینے کا نصف ادا کرنا لازم ہوتا ہے جس کے بعد وہ اس کی ملکیت میں آ جاتا ہے۔ قیمت کا تخمینہ ایف بی آر اور پرائیویٹ ماہرین لگاتے ہیں۔

خبر نمبر 09

اور گردونواح میں کم وزن روئی و نان کی زائد نرخوں پر فروخت جاری، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے شہریوں کو ناجائز منافع خور تندور و ہوٹل مالکان کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا، شہریوں کا ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق اوچ شریف شہر سمیت گردونواح میں تندور اور ہوٹل مالکان نے نان و روٹی کے من مرضی کے نرخ مقرر کر کے مہنگے داموں نان و روٹی کی فروخت شروع کر رکھی ہے، روٹی اور نان کے مقررہ وزن 100 گرام کی بجائے 80 گرام اور روٹی کی قیمت 12 روپے، اسی طرح نان کی قیمت بھی 15 روپے وصول کی جا رہی ہے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس بااثر تندور و ہوٹل مالکان کے سامنے بے بس دکھائی دیتے ہیں انتظامیہ نے صارفین کو ناجائز منافع خوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر سمیت گردونواح میں تندور و ہوٹل مالکان من مرضی کے نرخ وصول کر رہے

خبر نمبر 10

ملک بھر میں مہنگائی کا جن بے قابو ہو چکا ہے تبدیلی سرکار کے دعوے بس دھرے کے دھرے رہ گئے ہیں کھانے پینے اور روز مرہ استعمال کی اشیا عام غریب لوگوں کی پہنچ سے باہر ہو گئی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت صرف اور صرف جھوٹی تسلیوں سے کام لے رہی ہے مہنگائی کا طوفان جو تھمنے کا نام ہی نہیں لے رہا آٹا چینی گھی سبزیاں پھل ادویات ایل پی جی گیس پیٹرول عام آدمی کی پہنچ سے دور ہو چکی ہیں عوام کے تبدیلی کے وعدے سن سن کر کان پک چکے ہیں مزید انہوں نے کہا کہ حکومت نے غریبوں سے دو وقت کی روٹی بھی چھین لی ہے بے روزگاری میں دن بدن اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے پی ٹی آئی حکومت مافیا کے سامنے بے بس اور لاچار نظر آ رہی ہے وزیراعظم اور وزیراعلیٰ سے غریب عوام کی اپیل ہے کہ مہنگائی کے خلاف ٹھوس حکومتی اقدامات کئے جائیں اور کھانے پینے کی آشیا سستی کی جائیں تا کہ غریب عوام سکھ کا سانس لے سکیں#

خبر نمبر 11

محمد قاسم چانڈیہ، چوہدری محمد عمر عرفان، چوہدری مدثر یسین، محمد ہاشم بھٹہ، ظفر احمد بھٹہ، محمد ارشاد بھٹہ، محمد ثاقب گجر، محمد اختر اجمل، محمد قیصر بوہڑ، محمد اکرم ناچ، محمد فاروق جوئیہ نے قافلوں کے ساتھ شرکت کی۔ جلسہ میں تحریک کا منشور اور آئندہ الیکشن کا لائحہ عمل پیش کیا گیا۔ اہلیان جلسہ نے تحریک کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔

خبر نمبر 12

ملک میں کورونا کی پانچویں لہر نظر آنا شروع ہو گئی، گزشتہ 4 روز سے مثبت کیسز کی شرح میں اضافہ ریکارڈ ہوا ہے اور کراچی میں کورونا کیسز کا تناسب بڑھا ہے۔ ڈاکٹر فیصل سلطان نے کہا کہ آج سے کورونا بوسٹر ڈوز لگنا شروع ہو گئی، ملک میں کورونا کیمثبت کیسوں کی شرح 1.05 ہے۔ ادھر محکمہ صحت سندھ کے ذرائع کے مطابق کراچی میں اومیکرون کیسز میں مستقل اضافہ ہو رہا ہے، کراچی کے مختلف علاقوں سے مزید 10 کیسز رپورٹ کیے گئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تمام کیسز لوکل ٹرانسمیشن کے ذریعے پھیلے جب کہ کراچی میں اومیکرون کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 54 ہو گئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری بیان کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک میں کورونا کی تشخیص کے لیے 45 ہزار 643 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سے 708 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ روز اس وبا سے 2 افراد جاں بحق ہوئے جب کہ مثبت کیسز کی شرح 1.55 فیصد ریکارڈ ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ 642 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔

خبر نمبر 13

سعید نے ٹوئٹر پر جاری ایک پیغام میں کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے 2 ہزار کلومیٹرز کوں پر کام مکمل اور 6118 کلو میٹر کا آغاز کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بلوچستان میں موجودہ حکومت نے 3 ہزار کلومیٹرز کوں پر کام شروع کیا ہے، جن میں ژوب کچلاک، نوکنڈی مشکیل، خضدار بسمہ، زیارت موڑ کیچ ہرنائی، ہوشاب آواران، ڈیرہ مراد جمالی بائی پاس، کوئٹہ بائی پاس اور کچلاک خضدار شامل ہیں۔

خبر نمبر 14

شہروں کے تاجران کے صدور جب قائم پورا ڈاہ پر پہنچے تو انکا بڑے جوش وخروش سے چودھری غلام مصطفیٰ صدر انجمن تاجران قائم پور و دیگر عہدیدران نے استقبال کرتے ہوئے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے ہوئے مہمانوں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور آتش بازی بھی کی جب تاجر عہدیدران مقامی میرت ہال پہنچے تو وہاں پر ایک پروقار تقریب حلف برادری منعقد کی گئی جس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا چودھری غلام مصطفیٰ نو منتخب صدر تاجران قائم پور نے آنے والے تمام شرکا کا شکریہ ادا کیا اور انکو ویلکم کرتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ قائم پور کی تاجر برادری کو کبھی بھی مایوس نہیں کرونگا اور تاجر برادری کی خدمت ہی میرا مشن ہے اور سب کو ساتھ لیکر چلوں گا اس موقع پر تاجر برادری کی مرکزی قیادت نے قائم پور کے منتخب عہدیدران کو مبارکباد بھی دی اس موقع پر حافظ محمد یونس صدر مرکزی انجمن تاجران بہاولپور نے قائم پور کی نو منتخب ذیلی تنظیموں کے صدور سے حلف لیا اور محمد اجمل بلوچ صدر مرکزی آل پاکستان تاجرز نے نو منتخب صدر مرکزی انجمن تاجران چودھری غلام مصطفیٰ و دیگر عہدیدران سے حلف لیا اس موقع پر ذوالفقار قائم خانی چیئرمین تاجران حاصل پور ملک عبدالحمید صدر مرکزی انجمن تاجران حاصل پور نے اپنے خطاب میں کہا کہ قائم پور کی تاجر برادری کے ہم بے حد مشکور ہیں قائم پور کی تاجر برادری کے دکھ سکھ ہمارے دکھ سکھ ہیں اور تاجران کے مسائل کے حل کے لیے ان کا بھرپور ساتھ دینگے محمد اجمل بلوچ صدر آل پاکستان تاجرز محمد نعیم میر جنرل سیکرٹری آل پاکستان حافظ محمد یونس صدر تاجران بہاولپور و دیگر نے اپنے مشترکہ خطاب میں کہا کہ تبدیلی سرکار حکومت نے تاجران کا جینا دوبھر کر دیا ہے بے جا ٹیکسز کی بھرمار کی وجہ سے تاجر طبقہ پریشان ہے حکومت نے تاجر برادری کا معاشی قتل کر دیا ہے FBR خود چور ڈاکو ہے FBR ملازمین کے اثاثہ جات کی اگر چھان بین کی جائے اور ان سے اگر لوٹی ہوئی رقم واپس کرائی جائے تو ملک کا تمام قرضہ اتر سکتا ہے حکومت کے خلاف آل پاکستان تاجر برادری لانگ مارچ کرے گی اور اپوزیشن کے ساتھ کھڑی ہو گی انہوں نے مزید کہا کہ جیلیں ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں اور حکومت ہوش کے ناخن لے اگر ہمارا راستہ روکنے کی کوشش کی گئی تو پھر دما دم مست قلندر ہو گا اس موقع پر مہمانان گرامی میں ملک عبدالحمید کی طرف سے شیلڈ بھی تقسیم کی گئیں اور انکے اعزاز میں ایک پرتکلف عشائیہ بھی دیا گیا اس موقع پر شیخ محمد سلیم صدر مرکزی انجمن تاجران میلسی محمد لطیف کور یجہ چودھری مجید احمد صدر غلہ منڈی بہاولپور مجید احمد صدر دوبئی پلازہ عبدالعلیم بہاولپور سردار سلیم خان صدر تاجران ملتان روڈ وحید احمد صدر تاجران مبارک پور جواد احمد بندیشہ صدر کمرشل ایریا بہاولپور محمد کاشف صدر کریانہ بہاولپور محمد طلحہ اویس چیئرمین مارکیٹ کمیٹی محمد علی زیب صدر سبزی منڈی حاصل پور حافظ عبدالسبحان صدر خیر پور ٹامیوالی فیاض کھوکھر x صدر پریس کلب حاصل پور انعام ڈاکٹر اعجاز کھوکھر جنرل سیکرٹری پریس کلب حاصل پور۔ ظہیر عباس جوجی صدر پریس کلب حاصل پور شکیل احمد بھٹی و دیگر مہمانان گرامی کے ساتھ ساتھ قائم پور کی تاجر برادری بھی کثیر تعداد میں موجود تھی

خبر نمبر 15

جنازہ میں سیاسی وسماجی شخصیات کے علاوہ کثیر تعداد میں اہل علاقہ نے شرکت کی #

خبر نمبر 16

کرکے کاروائی شروع کر دی ہے۔ گینگ کے ارکان نے بتایا کہ وہ جانوروں کو بے ہوشی کا ٹیکہ لگا کر کار میں لوڈ کر کے لے جاتے تھے۔ پولیس تھانہ صدر نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔

خبر نمبر 17

کی تعطیلات میں اضافہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر کے بالائی علاقوں میں برفباری اور بارشوں کے باعث سردی کی شدید لہر جاری ہے جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آزاد کشمیر، گلگت بلتستان سمیت مختلف علاقوں میں بارش اور پہاڑوں پر برف باری کے باعث موسم کی شدت مزید بڑھ گئی، برف باری کے باعث مختلف علاقوں میں زمینی رابطہ منقطع ہو گیا جس کے باعث لوگ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ آزاد کشمیر میں بھی شدید سردی سے نظام زندگی متاثر ہو رہا ہے۔ آزاد کشمیر میں سردی کی شدت میں اضافے کے باعث کشمیری حکومت نے تعلیمی اداروں کی تعطیلات میں اضافہ کر دیا۔ حکومتی اعلان کے مطابق تعطیلات میں پانچ روز کا اضافہ کیا گیا ہے جس کے بعد سرکاری و نجی تعلیمی ادارے 8 جنوری تک بند رہیں گے۔ یہاں واضح رہے کہ کشمیر سمیت ملک بھر میں 3 جنوری سرکاری و نجی تعلیمی ادارے کھلنے تھے۔

خبر نمبر 18

تلاش کرنے والی کمپنی او جی ڈی سی ایل نے کے پی کے میں لکی مروت کے قریب ولی بلاک میں تیل اور گیس کے بڑے ذخائر دریافت کر لیے۔ وزارت توانائی کے اعلیٰ ذرائع کے مطابق اس دریافت کا اندازہ گذشتہ ایک دہائی میں سب سے بڑا قرار دیا جا رہا ہے۔ ولی بلاک کے ذخائر کو ناشپا فیلڈ میں پائے جانے والے ذخائر کے برابر سمجھا گیا ہے۔ ناشپا کے ذخائر 95 ایم ایم پی او ای کے برابر ہیں۔ ایک بار ولی بلاک کم از کم 9-10 کنوں کے ساتھ تیار ہو جائے۔ تب ملک 150-100 ایم ایم سی ایف ڈی گیس حاصل کر سکے گا۔ او جی ڈی سی ایل کے ترجمان احمد حیات لک نے رابطہ کرنے پر اس پیشرفت کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ او جی ڈی سی ایل نے ولی بلاک میں تیل اور گیس کا بڑا ذخیرہ دریافت کیا ہے لیکن انہوں نے تفصیلات بتانے سے انکار کر دیا۔ واضح رہے کہ گذشتہ سال بلوچستان میں بھی قدرتی گیس کے نئے ذخائر دریافت ہوئے تھے۔ آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی صوبہ بلوچستان کے ضلع کوہلو میں 5 ماہ کی محنت کے بعد گیس ذخائر دریافت کرنے میں کامیاب رہی تھی۔ بلوچستان کے ضلع کوہلو میں مغلکوٹ فارمیشن پر جندران ویسٹ ایکس 1 سے گیس کے ذخائر دریافت کیے گئے ہیں۔ او جی ڈی سی ایل نے اس مقام پر 19 مئی 2021 کو کھدائی کا عمل شروع کیا اور 5 ماہ کے عرصے کے دوران 1627 میٹر تک کی کھدائی کی گئی۔ اس قدر گہرائی میں کھدائی کرنے کے بعد بالآخر مذکورہ سائٹ سے گیس کے ذخائر دریافت کر لیے گئے۔ مذکورہ کنویں سے کنڈنسٹ کے ساتھ ساتھ 2.391 ایم ایم ایس سی ایف ڈی گیس کی پیداوار حاصل ہو گی۔ دوسری جانب ذرائع کے مطابق دنیا بھر میں خام تیل وایل این جی کی مسلسل بڑھتی ہوئی قیمتوں کے بعد حکومت نے مقامی طور پر تیل، گیس اور ایل پی جی کی پیداوار میں اضافے کی حکمت عملی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے تا کہ درآمدات پر انحصار کم کر کے نہ صرف قیمتی زرمبادلہ بچایا جا سکے بلکہ توانائی کی ملکی ضروریات کے بڑے حصہ کو مقامی وسائل سے پورا کیا جا سکے۔

خبر نمبر 19

کسان ہر جگہ ذلیل و خوار ہو رہا ہے متعدد جگہوں پر بلیک میں کھاد مل رہی ہے جس کی وجہ سے کسان لٹنے پر مجبور ہے حکومت اور افسران کی تمام تر کوششوں کے باوجود کھاد مارکیٹ میں باآسانی مہیا نہ ہو سکی ہے بلکہ دن بدن بحران بڑھتا جا رہا ہے ان کا کہنا تھا کہ آخر کب تک کسان ذلیل و خوار ہوتا رہے گا ہماری زراعت کو ملک میں،، ریڑھ کی ہڈی کی سی حیثیت،، حاصل ہے کسان اگر خوشحال ہو گا تو ملک خوشحال ہو گا لیکن یہاں پر نظام الٹ چل رہا ہے سارا ظلم ہی مختلف بحرانوں کی صورت میں کسانوں پر کیا جاتا ہے حکومت وقت سے اپیل ہے کہ خدارا کسانوں کے حال پر رحم کریں اگر کسان کو خوشحال رکھو گے تو ملک ترقی کرے گا اگر کسان مختلف بحرانوں کا شکار رہا تو مسائل پیدا ہوں گے، کھاد بحران کا خاتمہ حکومت کا اولین فرض بنتا ہے، افسران کو چاہیے کہ مگر مچھ ڈیلروں کے گوداموں پر کھاد سٹاک کو مارکیٹ میں لے آئیں اور کنٹرول ریٹ پر کسانوں کو کھاد مہیا کریں#

خبر نمبر 20

مرکزی انجمن تاجران بہاول پور و صدر چیمبر آف امرس بہاول پور۔ شیخ سلیم صدر تاجران میلسی وحید احمد صدر تاجران مبارک پور و دیگر تاجران کا حاصل پور امد پر پرتپاک استقبال کیا ملک عبدالحمید صدر مرکزی انجمن تاجران حاصل پور ذوالفقار قائم خانی ناصر جٹ جنرل سیکرٹری تاجران حاصل پور نے اپنے ساتھیوں عہدیدران کے ہمراہ ان کا استقبال کیا گیا پھر مذکورہ بالا تاجر نمائندگان نے حاصل پور کی تاجر برادری کے ہمراہ ایک ریلی کی شکل میں شہر بھر کے مختلف بازاروں کا دورہ کیا جہاں پر مختلف بازاروں میں شہر کی تاجر برادری نے جگہ جگہ پر ان کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے اور ان پر پھولوں کی پتیاں بھی نچھاور کیں اس کے بعد ایک پر ہجوم پریس کانفرنس ملک عبدالحمید صدر مرکزی انجمن تاجران حاصل پور کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی جسمیں آل پاکستان تاجر برادری کے عہدیدران نے بھرپور شرکت کی اس موقع پر ملک عبدالحمید ذوالفقار قائم خانی۔ محمد ناصر جٹ نے مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا اور تاجر برادری کو درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا اس موقع پر محمد نعیم میر جنرل سیکرٹری آل پاکستان تاجر نے آل پاکستان تاجر برادری کے عہدیدران محمد اجمل بلوچ صدر آل پاکستان تاجر۔ حافظ محمد یونس صدر بہاول پور انجمن تاجران۔ ملک عبدالحمید صدر تاجران حاصل پور و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کہا کہ موجودہ حکومت بری طرح ناکام ہو چکی ہے جس نے تاجر برادری کو پچل کے رکھ دیا ہے منی بجٹ میں ٹیکسز میں خاطر خواہ اضافہ کیا گیا ہے مہنگائی کا طوفان امنڈ آیا ہے ڈالر آسمان سے باتیں کر رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکومت کے خلاف لانگ مارچ بھی کرنا پڑا تو بھی کریں گے اور اگر اپوزیشن پارٹیز نے حکومت کے خلاف کوئی تحریک چلائی تو آل پاکستان تاجر برادری اپوزیشن کا ساتھ دیگی اور اس تحریک کا حصہ بنے گی اس موقع پر محمد لطیف کور یجہ۔ چودھری مجید احمد صدر غلہ منڈی بہاول پور مجید احمد چوغتہ صدر دوبئی پلازہ بہاولپور عبدالعلیم بہاول پور سردار سلیم خان صدر انجمن تاجران ملتان روڈ وحید احمد صدر تاجران بہاولپور روڈ جواد احمد بندیشہ صدر کمرشل ایریا بہاول پور محمد کاشف صدر کریانہ بھاول پور محمد طلحہ اویس وائس چیئرمین مارکیٹ کمیٹی حاصل پور محمد علی زیب صدر سبزی منڈی حاصل پور حافظ عبدالسبحان صدر خیر پور ٹامیوالی۔ ظہیر عباس جوجی صدر پریس کلب حاصل پور غلام مصطفیٰ صدر تاجران قائم پور فیاض کھوکھر x صدر پریس کلب حاصل پور ارشاد حسین پنوار صدر تاجران جمال پور ڈاکٹر اعجاز کھوکھر جنرل سیکرٹری پریس کلب حاصل پور و دیگر تنظیموں کے صدور بھی موجود تھے

خبر نمبر 21

وغیرہ میں استعمال ہونے والی کریم کا دھندہ عروج پر ہے ناقص دیسی گھی مکھن اور کریم کے استعمال سے شہریوں کے متعدد موذی امراض میں مبتلا ہونے کے خدشات ہیں اور وہ شدید تشویش کا شکار ہیں ان کا کہنا ہے کہ محکمہ فوڈ اتھارٹی کے مقامی افسران اور اہلکاران مرکزی ہول سیلروں سے باقاعدہ حصہ وصول کر رہے ہیں جبکہ چھوٹے سپلائرز سے بھتہ وصولی کیلئے محکمہ فوڈ اتھارٹی کے اہلکاروں نے اپنے پرائیویٹ ایجنٹ مقرر کئے ہوئے ہیں شہریوں نے حکومتی ذمہ دار اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لے کر اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کرتے ہوئے اصلاح احوال کا مطالبہ کیا ہے#

خبر نمبر 22

کے مطابق وزیراعلیٰ نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ کے ذریعہ ملنے والی اطلاعات پر کمشنر مکران سے رپورٹ طلب کر لی۔ انہوں نے تمام کمشنرز کو محکمہ داخلہ کی رہنمائی اور معاونت سے غیر قانونی شکار روکنے کی ہدایت جاری کر دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ اداروں کو حکم دیا ہے کہ غیر قانونی شکار میں ملوث عناصر کے خلاف وائلڈ لائف پروٹیکشن ایکٹ کے تحت کاروائی کی جائے، جنگلات کی غیر قانونی کٹائی روکنے کے لئے بھی موثر لائحہ عمل بنایا جائے۔ میر عبدالقدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ محکمہ جنگلات وجنگلی حیات کے اہلکاروں کو غیر قانونی شکار اور جنگلات کی کٹائی روکنے کے لئے فعال کیا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے جنگلات وجنگلی حیات کے تحفظ کے قوانین کے سختی سے نفاذ کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تفریح اور مالی فائدے کے لئے ماحولیات نظام کو تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

خبر نمبر 23

میں پائیدار امن کے قیام کے لیے مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنا ضروری ہے۔ مختلف ممالک سے آئے ہوئے ہندو یاتریوں کے وفد نے ممبر قومی اسمبلی ڈاکٹر رمیش کمار کی سربراہی میں اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات کی جس میں گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ پاکستان امن اور بھائی چارے پر یقین رکھتا ہے، پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل آزادی حاصل ہے۔ اسد قیصر نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ہماری مذہبی اور آئینی ذمہ داری ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کے ساتھ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی عوامی، پارلیمانی اور حکومتی سطح پر شدید مذمت کی جاتی ہے اور اسے کے تدارک کے لیے فوری اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے تمام اپنے شہریوں کو اپنے عقیدے اور مذہبی رسومات کے مط